شجرہ

حضرات مشائخ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

أَلَآ إِنَّ أَوۡلِيَآءَ ٱللَّهِ لَا خَوۡفٌ عَلَيۡهِمۡ وَلَا هُمۡ يَحۡزَنُونَ ﴿٦٢﴾

اے نقشبند عالم نقش مرا بہ بند،
نقش چنان بہ بند کہ گویند نقشبند

! یاالٰہی خیر کر خیر الورای ما کے واسطے
اور پیارے یار غارؓ مصطفےٰ اللہ کے واسطے

شیخ سلمانؒ پارسا اور خواجہ قاسمؒ با صفا
جعفر صادقؒ رئیس اصفیاء کے واسطے

بایزید بر گزیدہ بوالحسنؒ شیخ بزرگ
بو علی فاریمدیؒ مردِ خدا کے واسطے

یوسف ہمدانؒ و عبد الخالقؒ اہل غجدوان
ریوگر کے خواجہ عارفؒ پر ضیاء کے واسطے

خواجہ محمود فغنیؒ اور علی رامیتنیؒ
حضرت بابا سماسیؒ مقتداء کے واسطے

سید میر کلالؒ اور صدر بزم نقشبند
شاہ بہاؤالدینؒ سراپا انتقا کے واسطے

خواجگان عطارؒ و یعقوبؒ و عبید اللہؒ غنی
زاہدؒ و درویش محمدؒ اولیاء کے واسطے

خواجہ امکنگیؒ و حضرت باقی باللہؒ مرد حق
احمد سر ہندؒ مجدد باخدا کے واسطے

خواجہ معصومؒ اور ابوالقاسم محمد نقشبندؒ
شاہ زبیرؒ و خواجہ اشرفؒ اتقیاء کے واسطے

شاہ جمال اللہؒ و شاہ عیسیٰ محمدؒ با وفا
خواجہ فیض اللہؒ غلام مجتبےٰ کے واسطے

خواجہ نور محمدؒ اور فقیرؒ مصطفےٰ
حافظ عبدالکریمؒ خوش ادا کے واسطے

قبلہ ء عالم جناب خواجہ نواب الدینؒ
جان شار بادی دین ہدا کے واسطے

صورت و سیرت میں یکتا خواجہ ابوالخیرؒ ما
دین و دنیا میں ہمارے رہنما کے واسطے

کر عطا نور بصیرت اس جواں کے واسطے
واقف اسرار ہو عبد اللہ جانؒ کے واسطے

رہنمائے اصفیاء عکس جمال نقشبند
بدر عالم جان فقیر مصطفیٰ کے واسطے

وہ مبلغ مرد حق توحید سے سرشار ہے
وہ مفسر جسکا سینہ مخزن انوار ہے

نوجوانی میں ملے جس کو یہ دُرِ بے بہا !
خلق و سیرت اور فصاحت ذکر ہو فکرِ الہ

تا ابد آباد رکھ یارب مرشد آباد کو
بابا جی کے دائمی جود و سخا کے واسطے

آستانہ خیر یہ بھی خیر کا منبع رہے
عاشقانِ مصطفیٰ و مجتبے کے واسطے

ہو شریک حال ہر دم فضل تیرا یا خدا
تیری رحمت تیری بخشش اور عطا کے واسطے

یہ وسیلے ہیں میرے تیرا اکرم لَا تَقۡنَطُو !
وقت آخر قلب سے نکلے صدائے اللہ ہو